**بینک دولت پاکستان**

**شعبہ مالیات**

**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 11 برائے 2018ء 26 دسمبر 2018ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز

تمام بینک

محترم / محترمہ

**<u>فراہمی کے متبادل ذرائع سے صوبائی لیویز کی آن لائن وصولی</u>**

براہ مہربانی ایف ڈی سرکلر نمبر 2017 / 05 بتاریخ 06 اکتوبر 2018ء ملاحظہ فرمایئے جس میں بینکوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فراہمی کے متبادل ذرائع سے محاصل اور ڈیوٹیوں کی آن لائن وصولی کے لیے ون لنک کے بل پے منٹ سسٹم (Bill Payment System) میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کو بل دینے والے (biller) کے طور پر شامل کریں۔ اب یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ محاصل کی آن لائن وصولی کے نظام کے دائرہ کار کو صوبائی محاصل تک توسیع دی جائے گی جس کا آغاز پنجاب حکومت سے کیا جائے گا۔ لہٰذا یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ بینک اور خرد مالکاری بینک (MFBs) حکومت پنجاب کو بل دینے والے کے طور پر شامل کریں گے جس سے وہ انٹرنیٹ بینکاری، اے ٹی ایمز (ATMs) اور اوور دی کاؤنٹر (OTC) جیسے فراہمی کے متبادل ذرائع سے محصول اور لیویز (Levies) پر مشتمل محاصل کی ادائیگیاں کرنے کے قابل ہو جائے گی۔ اس ضمن میں درج ذیل ہدایات جاری کی گئی ہیں جن کی سختی سے تعمیل کرنا ہو گی:

1۔ تمام بینک حکومت پنجاب کو ون لنک کی بل ادائیگی کی سہولت میں بل دینے والے کے طور پر جلد از جلد 31 جنوری 2019ء تک شامل کریں گے۔ تاہم بہتر ہو گا کہ اوور دی کاؤنٹر (OTC) کی سہولت 31 دسمبر 2018ء تک فعال کر دی جائے۔

2۔ بینک اپنے صارفین سے فراہمی کے متبادل ذریعے سے ہونے والے ہر لین دین پر پہلے جاری کیے گئے ایف بی آر (FBR) کے وصولیوں کے اعلامیے کے مطابق رقم عائد کر سکتے ہیں۔ سہولت کی غرض سے ان کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے:

| نمبر شمار | لین دین کی قسم / رقم | زیادہ سے زیادہ عائد کی جانے والی رقم |
| --- | --- | --- |
| 1 | 100,000 روپے تک | 10 روپے |
| 2 | 100,001 روپے سے 1,000,000 تک | 20 روپے |
| 3 | 1,000,000 سے زیادہ | 50 روپے |

3۔ مزید بر آں، ٹیکس کی رقم سے قطع نظر بینک تمام اوور دی کاؤنٹر (OTC) لین دین پر 50 روپے تک وصول کر سکتے ہیں۔
وصولی سے مطلع فرمایئے۔

آپ کا مخلص

**(رضوان سرفراز)**

سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر